امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★

روزنامہ

اطلاعِ عام

کوئٹہ

چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

رجسٹریشن نمبر: C-1932

Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245

جلد نمبر: 16 | بروز بدھ 07 اکتوبر 2026ء 24 ربیع الثانی 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 184

پولیس کو چیلنجز سے نمٹنے کیلئے جدید تربیت اور وسائل فراہم کریں گے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس، کوئٹہ انٹیگریٹڈ سیکیورٹی پروجیکٹ شروع کرنے کا فیصلہ

محکمانہ اصلاحات: فرائض میں غفلت پر 871 پولیس اہلکار برطرف، 1,005 کی سیکیورٹی ڈیوٹیاں ختم، اجلاس میں بریفنگ

کوئٹہ، (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبے میں سیکیورٹی اور پولیسنگ کے نظام کو مزید مؤثر اور جدید بنانے کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال، پولیس اصلاحات، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور دہشت گردی کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات اور انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر خان نے سیکیورٹی صورتحال، پولیسنگ کے نظام، محکمانہ اصلاحات اور سیکیورٹی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کی موسم سرما میں گیس لوڈ مینجمنٹ کا لائحہ عمل تیار کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے موسم سرما میں گیس کی لوڈ مینجمنٹ کیلئے جامع لائحہ

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کوئٹہ انٹیگریٹڈ سیکیورٹی پروجیکٹ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے آئی ایف سی کے ڈائریکٹر مسٹر سائمن اینڈریوز ملاقات کر رہے ہیں

سعودی عرب کو جس قسم کی مدد کی ضرورت ہے مہیا کی جا رہی ہے، وزیر دفاع

اس وقت ترکیے اور پاکستان کی افواج سپورٹ کا کردار ادا کر رہی ہیں یمن میں حوثیوں نے پسپائی اختیار کی ہوئی ہے

یمن میں سعودی افواج لڑ رہی ہیں، پاکستان کی افواج سپورٹ کا کردار ادا کر رہی ہیں، خواجہ آصف

اسلام آباد (اے این این) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ اس وقت یمن میں لڑائی سعودی فوجیں لڑ رہی ہیں جب کہ ترکیے اور پاکستان کی افواج سپورٹ کا کردار ادا کر رہی ہیں۔ ایک انٹرویو میں وزیر دفاع نے کہا کہ اس وقت یمن میں حوثیوں نے پسپائی اختیار کی ہوئی ہے، یمن کی فوج نے کئی علاقوں کا کنٹرول واپس حاصل کر لیا ہے۔ خواجہ آصف نے

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 3 پر)

ریاست اور خیبر پختونخوا کا بنیادی مسئلہ سیاست نہیں بلکہ دہشت گردی ہے، بیرسٹر دانیال

اس مسئلے کو سیاسی نعروں کے بجائے حقائق اور اعداد و شمار کی بنیاد پر دیکھنا ہوگا، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ ریاست اور خیبر پختونخوا کا بنیادی مسئلہ سیاست نہیں

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 3 پر)

لانگ مارچ اور دھرنے ختم کریں گے تو آپ کے ساتھ بات کریں گے

شہباز شریف

ہوش کے ناخن لیں، لانگ مارچ اور دھرنے ختم کریں، آپ ایسا کریں گے تو یقیناً ہم آپ کے ساتھ بیٹھیں گے اور بات کریں گے؛ شہباز شریف کا تقریب سے خطاب

قوم کی منشا ہے پاکستان محنت، امانت اور دیانت کے ساتھ آگے بڑھے، ڈھائی سال کی محنت اور ٹیم ورک کے ذریعے ملکی معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کیا، میکرو اکنامک استحکام بہت مشکل سے حاصل ہوا

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان تحریکِ انصاف کو خبردار کیا ہے کہ وہ ہوش کے ناخن لے اور ملک کو نقصان پہنچانے والے لانگ مارچ کا سلسلہ ختم کرے، بصورت دیگر حکومت نے ہر طرح کا کڑا انتظام کر رکھا ہے، عوام کی جان و مال کی حفاظت ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، جسے ہر صورت نبھایا جائے گا، پاکستان کی اس وقت جو عالمی سطح پر شہرت ہے، ہمارے اغیار بھی تعریف کرنے پر مجبور ہیں، آپ اس کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں تو ہم ایسا نہیں ہونے دیں گے، کسی صورت نہیں ہونے دیں گے، قانون اپنا راستہ اختیار کرے گا۔ اسلام آباد میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ہم نے ہمیشہ سنجیدگی اور نیک نیتی کے ساتھ

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 3 پر)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف کشمیر چوک انڈر پاس کی سنگ بنیاد کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

غزہ میں مستقل جنگ بندی اور بڑے پیمانے پر امداد کی اجازت دی جائے، انتونیو گوتریس

نیویارک (آئی این پی) اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے 7 اکتوبر 2023 کے حملوں

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 3 پر)

آئی ایم ایف پٹرول سبسڈی اسکیم جاری رکھنے پر رضامند

مزید صارف نہ بڑھانے، صوبوں کی رضامندی سے شوگر سیکٹر کو ڈی ریگولیٹ کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد (اے این این) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) پٹرول سبسڈی اسکیم جاری رکھنے پر رضامند ہو گیا تاہم یہ مطالبہ بھی کیا ہے کہ اسکیم میں مزید صارف نہ بڑھائیں جائیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل آل بلوچستان کیڈٹ کالجز کے 19 ویں بورڈ آف گورنرز اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سرمایہ کاری اور معاشی ترقی کیلئے حکومت اور نجی شعبے کو مل کر کام کرنا ہوگا، محمد اورنگزیب

موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لئے پالیسی کے ساتھ اداروں کی صلاحیت بڑھانا بھی ضروری ہے، آبادی اور بقا کے مسائل پر بھی توجہ دینا ہوگی، ہماری توجہ اکثر روزمرہ کے مسائل پر مرکوز رہتی ہے

2047 میں پاکستان جب سو سال کا ہوگا ابادی 40 کروڑ تک پہنچ جائے گی، وزیر خزانہ کا پاکستان کے پائیدار مستقبل میں سرمایہ کاری "فیئر وکانفرنس سے خطاب

کراچی (اے این این) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ معاشی ترقی کے ساتھ برآمدات میں اضافہ ہماری ترجیح ہے، حکومت مالیاتی نظم وضبط اور معاشی استحکام پر توجہ دے رہی ہے، عالمی معاشی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے معاشی پالیسی بڑھانا ہوگی۔ سرمایہ کاری کے فروغ میں حکومت کا کردار کلیدی ہے، مقامی سرمایہ کار فعال ہونگے تو بیرونی سرمایہ کاری آئے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اقوام متحدہ میں وفاقی وصوبائی حکومتوں کے تحت "پاکستان کے پائیدار مستقبل میں سرمایہ کاری "فیئر وکانفرنس سے

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 3 پر)



ریاض: نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ آصف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر و دیگر کا مکہ مشترکہ معاہدے کے تحت سی ملکی اجلاس کے موقع پر گروپ فوٹو

9 مئی کیسز، علیمہ خانم، اعظم سواتی کی عبوری ضمانت میں توسیع

پراسیکیوشن سے مقدمات کا ریکارڈ طلب، اعظم سواتی کی ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور

لاہور (اے این این) نومئی جناح ہاؤس، عسکری ٹاور حملہ اور تھانہ شادمان نذر آتش سمیت دیگر مقدمات میں بانی پی ٹی آئی کی بہنوں علیمہ خانم اور عظمی خانم سمیت دیگر پی ٹی آئی رہنماؤں کی عبوری ضمانت میں 6 نومبر تک توسیع ہوگئی۔ انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے 9 مئی جلاؤ گھیراؤ کیس میں بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خانم اور عظمی خانم سمیت دیگر کی عبوری ضمانت کی درخواستوں پر سماعت ہوئی، جس پر عدالت نے پراسیکیوشن سے

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایس سی او کانفرنس سے قبل اسلام آباد کو خوبصورت بنانا ہے، محسن نقوی

کشمیر چوک انڈر پاس سمیت اہم ٹریفک اور انفراسٹرکچر منصوبے ایس سی او کانفرنس کے انعقاد سے قبل ہر صورت مکمل کیے جائیں

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کانفرنس سے قبل وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو ایک جدید، مختلف اور مثالی خوبصورت شہر میں تبدیل کرنے کا وژن دیا ہے، کانفرنس کے انعقاد میں ایک سال سے بھی کم وقت رہ گیا ہے، لہٰذا تمام ترقیاتی منصوبوں کو دن رات کام کر کے مقررہ مدت کے اندر پایہ تکمیل تک پہنچایا جا رہا ہے تاکہ پاکستان آنے والے غیر ملکی معزز

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3 پر)

دہشتگردی ایسا مسئلہ ہے جس پر کمپرومائز نہیں ہوسکتا: اسد عمر

ہر مسئلہ کیل نہیں ہوتا اور ہر مسئلے کا حل ہتھوڑا نہیں ہوتا، سابق وفاقی وزیر

لاہور (جی این ایم) سابق وفاقی وزیر اسد عمر کا کہنا ہے کہ دہشت گردی ایسا مسئلہ ہے جس پر کمپرومائز نہیں ہوسکتا۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ گزشتہ برس کے پی حکومت نے تمام جماعتوں پر مشتمل جرگہ بلایا تھا، جرگے کے اعلامیے کی بنیاد پر مسئلے کو حل کریں۔ اسد عمر کا کہنا ہے کہ ہر مسئلہ کیل نہیں ہوتا اور ہر مسئلے کا حل ہتھوڑا نہیں ہوتا۔ واضح رہے کہ سابق وفاقی وزیر اسد عمر کا کہنا ہے کہ حکومت نے پی ٹی آئی کو

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 3 پر)

بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کا پورٹ فولیو سب سے بڑا مالی خطرہ قرار

پاور سیکٹر پر مالی دباؤ کم کرنے کیلئے آپریشنل نقصانات میں کمی ناگزیر

اسلام آباد (جی این ایم) بجلی کی 11 تقسیم کار کمپنیوں کا پورٹ فولیو سب سے بڑا مالی خطرہ ہے۔ پاور سیکٹر پر مالی دباؤ کم کرنے کیلئے آپریشنل نقصانات میں کمی ناگزیر قرار دیدیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق گزشتہ مالی سال کی پہلی ششماہی میں ڈسکوز کو 282 ارب کی سبسڈی دی گئی۔ سبسڈی کے باوجود سرکلر ڈیٹ میں مزید 143 ارب روپے کا اضافہ ہوگیا۔ خراب صورتحال میں حکومت کو سالانہ 1200 ارب روپے مالی مدد دینا

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 3 پر)

ڈی آئی خان فائرنگ کے دو واقعات میں ایف بی آر اور پولیس کے 5 اہلکار شہید

ابہایا پل کے قریب مسلح افراد نے ایک گاڑی پر فائرنگ کی جس کے نتیجے میں ایف بی آر کے 4 اہلکار شہید ہو گئے

فائرنگ سے شہید ہونے والے دو اہلکار ایف بی آر کے مستقل ملازمین اور دو کنٹریکٹ پر تھے، بنوں روڈ پر فائرنگ سے ایک اہلکار شہید

پشاور (اے این این) خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں فائرنگ کے دو مختلف واقعات میں پولیس اور ایف بی آر کے 5 اہلکار شہید ہو گئے۔ ڈی پی او ضیاالدین احمد کے مطابق ایف بی آر اہلکاروں اور ٹریفک پولیس کو دوران ڈیوٹی نشانہ بنایا گیا جبکہ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ ڈی آئی خان شہر اور گردونواح میں۔ ڈی پی او ڈی آئی خان ضیا الدین احمد کے مطابق ابہایا پل کے قریب مسلح افراد

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 3 پر)

ملک بھر میں رجسٹرڈ 161 سیاسی جماعتوں کی فہرست جاری

عوام پاکستان پارٹی رجسٹرڈ نہیں، پاکستان تحریک انصاف 79 ویں نمبر پر رجسٹرڈ، سربراہ کا نام درج نہیں

اسلام آباد (جی این ایم) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ملک بھر میں رجسٹرڈ 161 سیاسی جماعتوں کی فہرست جاری کر دی۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے رجسٹرڈ سیاسی جماعتوں کی جاری تازہ فہرست کے مطابق سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی کی عوام پاکستان پارٹی رجسٹرڈ نہیں، پاکستان تحریک انصاف الیکشن کمیشن کی فہرست میں 79 ویں نمبر پر رجسٹرڈ ہے جس میں سربراہ کا نام درج نہیں۔ الیکشن کمیشن ریکارڈ کے مطابق ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی ایم کیو ایم پاکستان کے سربراہ ہیں، ایاز لطیف پلیجو کی قومی عوامی تحریک الیکشن کمیشن کی فہرست میں 89 ویں نمبر پر موجود ہے، تحریک لبیک پاکستان الیکشن کمیشن کی فہرست میں 97 ویں نمبر پر رجسٹرڈ ہے تاہم اس میں سربراہ کا نام درج نہیں۔ الیکشن کمیشن کے ریکارڈ میں پیر پگارا سید صبغت اللہ شاہ راشدی کے نام سے دو جماعتیں رجسٹرڈ ہیں، پیر پگارا کے نام پر مسلم لیگ فنکشنل اور گرینڈ ڈیموکریٹک الائنس الیکشن کمیشن میں رجسٹرڈ ہیں۔ دستاویزات کے مطابق 161 سیاسی

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، ایمان مزاری اور شوہر کے خلاف فرد جرم ٹل گئی

اسلام آباد (اے این این) اڈیالہ جیل میں بجلی کی بندش کے باعث عدم پیشی پر ایمان مزاری اور انکے شوہر ہادی علی چٹھہ کے خلاف فرد جرم ٹل گئی۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد کے جج طاہر عباس سپرانے ملزمان کے خلاف انٹرنیشنل کرکٹ ٹیم کی آمد پر روٹ توڑنے اور لوگوں میں اشتعال پیدا کرنے کے کیس کی سماعت کی، پراسیکیوٹر راجا نوید اور ملزمان کے مرکزی وکلا کے جونیئر عدالت میں پیش ہوئے۔ جونیئر وکیل نے استدعا کی کہ مرکزی وکلا ہائیکورٹ میں ہیں لہذا عدالت چالان کی کاپیاں اور تاریخ دے دے۔ جج طاہر عباس سپرانے ریمارکس

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 3 پر)

چیئرمین بی آر اے عبداللہ خان اور ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی ملاقات

تمام اہل کاروبار اور سروس فراہم کرنے والوں کو قانون کے تحت رجسٹر کر کے ٹیکس نیٹ میں شامل کیا جائے گا: چیئرمین بی آر اے

گوادر (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) کے چیئرمین عبداللہ خان اور ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کے درمیان ایک اہم ملاقات ہوئی۔ جس میں ضلع گوادر میں ٹیکس بیس کی توسیع اور محصولات کی وصولی کو بہتر بنانے کے اقدامات کا جائزہ لیا

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 3 پر)

ڈی ای او ہرنائی غلام حیدر ترین کا ضلع کے مختلف سرکاری اسکولوں کا دورہ

کلاس رومز میں تدریسی عمل کا معائنہ، حاضری رجسٹرز کی پڑتال اور طلبہ سے تعلیمی سوالات

ہرنائی (خ ن) ضلعی ایجوکیشن آفیسر (ڈی ای او) ہرنائی، غلام حیدر ترین نے ضلع کے مختلف سرکاری اسکولوں کا اچانک دورہ کیا۔ سرپرائزوزٹ کا مقصد اسکولوں میں تعلیم وتربیت کے معیار، اساتذہ وطلبہ کی حاضری اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لینا

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 3 پر)



کوئٹہ: بلوچستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری بلوچستان اسمبلی میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی 5 فتنہ الخوارج ہلاک 2 زخمی

تحت فتنہ الخوارج کے خلاف جاری کارروائیوں کے دوران سیکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان اور گردونواح میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا

سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائیاں دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم ناکام بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، صدر مملکت، وزیراعظم کا سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

راولپنڈی (اے این این) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے علاقے شمالی وزیرستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کر کے 5 خوارج جہنم واصل کر دیئے، جبکہ 2 زخمی ہوگئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی فورسز کی عزم استحکام ویژن کے تحت فتنہ الخوارج کے خلاف جاری کارروائیوں کے دوران سیکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان اور گردونواح میں فتنہ الخوارج کے

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 3 پر)

بھارتی نیوی کا اہلکار پاکستان کیلئے مبینہ جاسوسی کے الزام میں گرفتار

نئی دہلی (جی این ایم) بھارت کی جنوبی ریاست آندھرا پردیش اور آسام سے انڈین بحریہ کے ایک اہلکار کو مبینہ طور پر پاکستان کیلئے جاسوسی کرنے کے الزام میں گرفتار کر لیا۔ بی بی سی رپورٹ کے مطابق آندھرا پردیش پولیس کے کاؤنٹر انٹیلی جنس دستے نے کارروائی کرتے ہوئے انڈین بحریہ کے 31 سالہ اہلکار پردیپ ٹھکرجی کو حراست میں لے لیا، پردیپ ٹھکرجی کو سوشل میڈیا کے ذریعے ایک مبینہ پاکستانی خاتون کے ساتھ حساس معلومات شیئر کرنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا، اور تفتیش کاروں کو شدید شبہ ہے کہ یہ مکمل طور پر ہنی ٹریپ کا معاملہ ہے۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق پردیپ ٹھکرجی کا تعلق مغربی بنگال

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 3 پر)

ضلع گوادر میں لکڑی اور جنگلاتی پیداوار کی غیر مجاز نقل وحمل پر دفعہ 144 کے تحت پابندی عائد

تکمہ داخلہ بلوچستان کے حکم نامے کے مطابق حکومتی احکامات کی مکمل پابندی یقینی بنائی جائے: ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات

گوادر (خ ن) ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات ضلع گوادر اسد اللہ نے تمام ٹرانسپورٹرز، ٹھیکیداران، آرا مشین مالکان، لکڑی کے کاروبار سے وابستہ افراد اور عوام الناس کو آگاہ کیا ہے کہ حکومت بلوچستان، محکمہ داخلہ کے حکم نامہ نمبر 1898 مورخہ 26 ستمبر 2026ء کے تحت دفعہ 144 ضابطہ فوجداری 1898 کے تحت صوبے میں لکڑی اور دیگر جنگلاتی پیداوار کی غیر مجاز نقل وحمل، ترسیل اور منتقلی پر پابندی عائد کر دی گئی ہے لہذا ضلع گوادر کی حدود میں تمام متعلقہ افراد حکومتی احکامات کی مکمل پابندی یقینی بنائیں اور لکڑی یا کسی بھی قسم کی جنگلاتی پیداوار کی غیر مجاز نقل وحمل، ترسیل یا منتقلی سے مکمل اجتناب کریں۔ ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات نے واضح کیا کہ پابندی کے دوران محض کسی پاس، پرمٹ یا اجازت نامے کی پیشکش کی بنیاد پر ضبط شدہ گاڑی یا لکڑی کی رہائی کا استحقاق حاصل نہیں ہوگا۔ کسی غیر معمولی صورتحال، عوامی مفاد یا سرکاری ضرورت کے تحت استثنیٰ صرف محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان کی تحریری منظوری کے بعد قابل عمل ہوگا انہوں نے کہا

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 3 پر)

حکومت بلوچستان کے نوجوانوں کی ترقی اور خوشحالی کے لیے ہمہ وقت پرعزم ہے، صالح محمد ناصر

چیف منسٹر بلوچستان ایمپلائمنٹ پروگرام نوجوانوں کے روشن مستقبل کے جانب ایک اہم قدم ہے، خطاب

کوئٹہ (اے این این) چیف منسٹر بلوچستان ایمپلائمنٹ پروگرام کے تحت کراچی میں کیوٹیکنالوجیز کے شراکت سے بلوچستان سے اس پروگرام کے تحت پہلے بیچ کے منتخب نوجوانوں کے اعزاز میں تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب سے سیکرٹری لیبر اینڈ مین پاور بلوچستان صالح محمد ناصر۔ ایم ڈی بی ٹیوٹا بلوچستان عبدالکبیر خان زرکون۔ ڈی جی نیوٹیک سندھ فدا محمد خان بازئی۔ کیوٹیکنالوجیز کے بورڈ آف ڈائریکٹر سید واجہ الدین اور دیگر مقررین نے شرکت کی۔ تقریب سے سیکرٹری لیبر اینڈ مین پاور صالح محمد ناصر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی۔ اور چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کے وژن کے تحت بلوچستان کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور انھیں روزگار کے بہترین مواقع فراہم کرنے کے لیے چیف منسٹر ایمپلائمنٹ پروگرام کا آغاز کیا گیا۔ جس سے بلوچستان کے نوجوان میں ترقی اور

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں صحت کے شعبے کی ڈیجیٹلائزیشن عالمی توجہ کا مرکز بن گئی، کولمبو کانفرنس میں ماڈل پیش

ڈیجیٹل ہیلتھ اصلاحات سے صحت کے شعبے میں شفافیت اور جوابدہی کو مضبوط بنا رہے ہیں: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں صحت کے شعبے کی ڈیجیٹلائزیشن عالمی توجہ کا مرکز بن گئی صوبے کی ڈیجیٹل ہیلتھ پالیسی اور اصلاحات کو 26 ممالک کی شرکت والی بین الاقوامی کانفرنس میں نمایاں کیا گیا ہے سری لنکا کے دارالحکومت کولمبو میں منعقدہ ڈی ایچ آئی ایس ٹو ایشیا پیسیفک کانفرنس میں بلوچستان کے ڈیجیٹل ہیلتھ ماڈل اور صحت کے نظام میں ٹیکنالوجی کے عملی استعمال کو بین الاقوامی سطح پر متعارف کرایا گیا کانفرنس میں مختلف ممالک کے نمائندگان، ماہرین صحت اور ترقیاتی شراکت دار شریک ہوئے صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کانفرنس کی افتتاحی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور بلوچستان میں صحت کے شعبے کی ڈیجیٹلائزیشن، صحت کے اعداد و شمار کے مؤثر استعمال، رپورٹنگ کے نظام میں بہتری اور ڈیٹا پر مبنی فیصلہ سازی کے حوالے سے صوبائی اقدامات کو اجاگر کیا اس موقع پر اوسلو یونیورسٹی،

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 3 پر)

امریکا ایران مذاکرات کیلئے پاکستان کا کردار قابل تحسین ہے، انتونیو گوتریس

پاکستان نے دہائیوں تک لاکھوں افغانوں کے لیے اپنے دروازے کھلے رکھے اور مشکل حالات میں بھی ہمدردی و ذمہ داری کا مظاہرہ کیا

فلسطینیوں کے حق خودارادیت کے مکمل حصول تک خطے میں پائیدار امن ممکن نہیں، سیکریٹری جنرل اقوام متحدہ کی اسحاق ڈار کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (اے این این) اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل اقوام متحدہ انتونیو گوتریس نے کہا ہے کہ امریکا ایران مذاکرات کیلئے پاکستان کا کردار قابل تحسین ہے۔ وفاقی دارالحکومت میں اسحاق ڈار کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران انتونیو گوتریس نے کہا ہے کہ فلسطینیوں کے حق خودارادیت کے مکمل حصول تک خطے میں پائیدار امن ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا پاکستان نے دہائیوں تک لاکھوں افغانوں کے لیے اپنے دروازے کھلے رکھے اور مشکل حالات میں بھی ہمدردی و ذمہ داری کا مظاہرہ کیا، اقوام متحدہ افغانوں کی رضاکارانہ، محفوظ اور باوقار واپسی کے اصول کی حمایت کرتا ہے اور پاکستان کو یکجہتی اور حل کا ذریعہ سمجھتا ہے۔ سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ کا کہنا تھا کہ نے دہشتگردی اور جائز سکیورٹی خدشات سے نمٹنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے پاکستانی عوام کی دہشتگردی کے خلاف جنگ میں استقامت اور حوصلے کو سراہا۔ انتونیو گوتریس نے کہا کہ پاکستان اس وقت دنیا کے دو شدید ترین تنازعات، خلیج و مشرق وسطیٰ اور یوکرین جنگ، کے حوالے سے اہم

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، ڈائریکٹر یونیسف ڈی جی ایم اے بلوچستان ندیدہ احمد شیخ صنفی بنیاد پر تشدد سے تحفظ فراہم کرنے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پسنی میں اساتذہ کی تربیت کا 16 روزہ پروگرام کامیابی سے اختتام پذیر

جی پی ای اور یونیسیف کے تعاون سے پائٹ بلوچستان کے تحت خواندگی اور عددی مہارتوں کا تربیتی ورکشاپ

پسنی (خ ن) گلوبل پارٹنرشپ فار ایجوکیشن (GPE) اور یونیسیف (UNICEF) کے تعاون سے پروویشنل انسٹیٹیوٹ فار ٹیچر ایجوکیشن (PITE) بلوچستان کے زیر اہتمام خواندگی اور عددی مہارتوں کے فروغ کے لیے 16 روزہ اساتذہ تربیتی پروگرام پسنی میں کامیابی سے اختتام پذیر ہوگیا تربیتی ورکشاپ میں پسنی سے 31 اساتذہ نے شرکت کی، جہاں ماسٹر ٹرینرز نذیر باہوٹ اور حاکم حکیم نے شرکاء کو جدید تدریسی طریقہ کار، خواندگی، عددی مہارتوں اور مؤثر تعلیمی حکمت عملیوں کے حوالے سے عملی تربیت فراہم کی تربیتی ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء میں سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے جس میں گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول اور ماڑی محلہ پسنی کے ہیڈ ماسٹر سخیداد، لرننگ کوآرڈینیٹر موسیٰ اُمید، مرکزی چیئرمین PWOD پرویز سفر اور سماجی کارکن میر سلمان کلمتی نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے اساتذہ کی پیشہ ورانہ استعداد بڑھانے اور طلبہ میں بنیادی تعلیمی مہارتوں کے

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 3 پر)

مدینہ جانے سے روکا گیا، ایئرپورٹ پر دہشت گرد قرار دیا گیا، زابد ریکی کا بلوچستان اسمبلی میں انکشاف

میرے خلاف ثبوت ہیں تو سامنے لائے جائیں ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ کو طلب کر کے وضاحت لی جائے، زابد ریکی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کے جاری اجلاس میں اپوزیشن رکن زابد ریکی نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے دعوی کیا ہے کہ انہیں مدینہ جانے کے لیے ایئرپورٹ پہنچنے پر روک دیا گیا اور ایف آئی اے حکام نے انہیں دہشت گرد قرار دیا۔ زابد ریکی کے مطابق مزید معلومات حاصل کرنے پر انہیں بتایا گیا کہ ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات نے ان کا پاسپورٹ بلاک کیا ہے اور انہیں ایگزٹ کنٹرول لسٹ (ای سی ایل) اور پاسپورٹ کنٹرول لسٹ (پی سی ایل) میں شامل کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات سے فون پر رابطہ کرنے کی کوشش کی، تاہم انہوں نے فون نہیں اٹھایا۔ زابد ریکی نے کہا کہ انہیں معلوم نہیں کہ انہوں نے کون سا جرم کیا ہے، وہ ہمیشہ عوام کے حقوق کی بات کرتے رہے ہیں۔ اپوزیشن رکن نے کہا کہ واشک جاتے ہیں تو دہشت گرد پیچھے

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 3 پر)

روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
E-mail: Etlaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر محمد عمر عمر
الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر
نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبر: 081-2453865 ، 081-2820055
کمپلینٹ نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان ثالثی

ایرانی وزارتِ خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے سرکاری ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ یمن کی صورت حال کا ایران سے کوئی تعلق نہیں، یہ یمنیوں کے صبر کا پیمانہ لبریز ہونے کی علامت ہے، یمن تنازعے کا منصفانہ حل ضروری ہے، سعودی عرب اور یمن کے درمیان مسائل کا کوئی فوجی حل نہیں، بات چیت پر واپسی اور طے شدہ روڈ میپ پر عمل ہی یمنی عوام کی مشکلات کا حل ہے، بات چیت پر واپسی خطے میں اَمن، سلامتی اور استحکام برقرار رکھنے کا راستہ ہے۔ اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ ایران نے مذاکرات اور اَمن کے لیے مدد کی پیشکش کی تھی لیکن بدقسمتی سے اُس کا کوئی نتیجہ نہیں نکل سکا۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ امریکہ ایران پر الزام تراشی کے ذریعے صورتحال کو بگاڑنے اور اسلامی ممالک کے درمیان افراتفری پھیلانے کی کوشش کر رہا ہے۔ اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی کی قرارداد کا حوالہ دیتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ کسی بھی ملک کا معائنہ اور بحری محاصرہ جارحیت ہے، ان حالات میں ایران کے تمام اقدامات دفاع کے زمرے میں آتے ہیں۔ دوسری جانب مشرقِ وسطیٰ میں بڑھتی کشیدگی کے تناظر میں چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور ایرانی وزیرِ خارجہ عباس عراقچی کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا۔ ایرانی حکومت کے سوشل میڈیا اکاؤنٹ ''ایکس'' کے مطابق دونوں رہنماؤں نے حوثیوں کے سعودی عرب پر حملوں، علاقائی سلامتی کو درپیش خطرات اور اس کے خطے کے اَمن اور استحکام پر اثرات سے متعلق تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے کشیدگی کے خاتمے، علاقائی ممالک کے درمیان باہمی رابطے اور تعاون بڑھانے کے علاوہ دریا اَمن کے لیے مشترکہ صلاحیتوں اور وسائل کو بروئے کار لانے کی ضرورت پر زور دیا۔ اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کے ہنگامی اجلاس میں پاکستان نے سعودی عرب پر حوثی حملوں کے بعد اُس کی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی سلامت کی مکمل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کو اپنے شہریوں اور اثاثوں کے تحفظ کا پورا حق حاصل ہے۔ واضح رہے کہ دو روز قبل امریکی میڈیا نے ذریعے یہ خبر بھی سامنے آئی تھی کہ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے دو بار ٹیلیفونک رابطہ کر کے حوثیوں کے خلاف کارروائی پر زور دیا، تاہم ٹرمپ نے یمن میں نیا محاذ کھولنے سے انکار کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹرمپ نے امریکی فوج کو ایران اور آئندہ ہر محاذ پر توجہ مرکوز رکھنے کی ہدایت کی ہے۔ امریکہ حوثیوں سے نمٹنے کے لیے علاقائی اتحادیوں کے ذریعے بحیرہ احمر میں آزادانہ آمدورفت کے تحفظ پر توجہ دے گا اور سعودی عرب کو صرف انٹیلی جنس معلومات فراہم کرے گا۔ امریکی سینٹرل کمانڈ کے کمانڈر ایڈمرل بریڈ کوپر نے اس سلسلے میں سعودی عرب کا دورہ بھی کیا تاہم وائٹ ہاؤس اور واشنگٹن میں سعودی سفارت خانے نے اس خبر پر تبصرہ کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ صنعاء ⌊ کے بعد بحیرہ احمر پر واقع یمن کی ساحلی پٹی اور تین اہم جزائر پر قبضہ کرنے والے انصاراللہ (حوثی جنگجوؤں) کے سعودی عرب پر حملوں نے خطے میں تصادم کے شعلوں کو ایک بار پھر بھڑکا دیا ہے۔ جمعے کو حوثیوں کی پیش قدمی کے بعد سعودی عرب نے جوابی اقدام کرتے ہوئے ساحلی شہر نجران کے ہوائی اڈے پر دو فضائی حملے کیے جبکہ حوثیوں کے حملوں کے پیشِ نظر احتیاطی تدبیر کے طور پر اس نے ایسٹ ویسٹ پائپ لائن کو بند کر کے تیل کی سپلائی بھی معطل کر دی۔ یاد رہے کہ 2022ء ⌊ کی سعودی۔یمن جنگ بندی کے بعد حوثیوں کے تازہ حملوں نے مشرقِ وسطیٰ پر جنگ کے سیاہ بادل گہرے کر دیے ہیں۔ جغرافیائی اعتبار سے یمن مشرقِ وسطیٰ کا وہ حساس ترین علاقہ ہے جو سعودی عرب کے جنوب اور جنوب مغرب جبکہ عمان کے مغرب میں واقع ہے۔ ایک طرف خلیجِ عدن (بحیرہ ہند) اور دوسری طرف بحیرہ احمر سے متصل ہونے کی بنا پر عالمی تجارتی گزرگاہ آبنائے ''باب المندب'' اسی کے ساحل سے گزرتی ہے۔ یہی وہ بحری راستہ ہے جو سوئز کنال کے ذریعے یورپ اور ایشیاء ⌊ کے درمیان فاصلوں کو مختصر بناتا ہے۔ اس کی اہمیت کے باعث ہی دفاعی اور معاشی ماہرین متنبہ کر رہے ہیں کہ اگر یہ جنگ اری آگ پکڑ گئی تو عالمی معیشت مفلوج ہو کر رہ جائے گی کیونکہ اس سے توانائی کا بنا بحران جنم لے سکتا ہے۔ یمن طویل عرصے سے شدید عدم استحکام کا شکار ہے بالخصوص 2011ء ⌊ کی سیاسی تبدیلیوں کے بعد سے یہ ملک بنیادی طور پر دو حریف دھڑوں میں بٹ گیا تھا۔ یمن میں ایک بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ حکومت ہے جو دارالحکومت صنعاء ⌊ پر انصاراللہ کے قبضے کے بعد عدن سے عارضی انتظامی امور چلا رہی ہے، سعودی عرب اس کی حمایت کرتا ہے۔ دوسری طرف انصاراللہ ہے جسے ایران کا قریبی اتحادی تصور کیا جاتا ہے جس کی جڑیں انقلابِ ایران کے بعد مضبوط ہوتی چلی گئیں۔ ابتداء ⌊ میں یہ گروپ دینی و علمی سرگرمیوں تک محدود تھا لیکن وقت کے ساتھ یہ ایک منظم عسکری قوت بن کر اُبھرا۔ 2009ء ⌊ سے 2015ء ⌊ کے دوران شدید لڑائی کے بعد یہ صنعاء ⌊ پر قابض ہونے میں کامیاب ہو گیا جس نے ملک کو عملاً دو حصوں میں تقسیم کر دیا۔ انصاراللہ کی حالیہ پیش قدمی کے بعد مشرقِ وسطیٰ کی صورتحال مزید کشیدہ ہو چکی ہے۔ آبنائے ہ؟ رمز کے بعد آبنائے باب المندب کا بند ہونا دنیا کی نظر ہے کیونکہ حوثیوں نے اس کے تیل بردار ٹینکروں پر باب المندب سے گزرنے پر پابندی عائد کر دی ہے۔ ایران فریقوں کو بات چیت کے ذریعے مسائل حل کرنے کی تلقین کرتا نظر آتا ہے، بہتر ہے کہ وہ دیرپا پیش قدمی کرتے ہوئے فوری جنگ بندی کرانے کے بعد دونوں کے درمیان مسائل حل کرنے کی کوشش کرے۔

صبح لاہور کی کسی سڑک پر ایک گاڑی سرخ بتی توڑ کر آگے نکل جاتی ہے، ٹریفک وارڈن اسے روکنے کی کوشش کرتا ہے تو ڈرائیور فوراً موبائل نکالتا ہے، کسی صاحب کو فون ملاتا ہے اور چند لمحوں بعد

پروفیسر ڈاکٹر محبوب حسین

معاملہ ختم ہو جاتا ہے۔ شام کو یہی شخص دوستوں میں بیٹھ کر بڑے دُکھ سے کہتا ہے: ''اس ملک میں قانون نام کی کوئی چیز نہیں۔'' شاید پاکستان کے موجودہ معاشرتی تضاد کو سمجھنے کیلئے اس ایک منظر سے بہتر مثال مشکل ہو۔ ہم قانون چاہتے ہیں، مگر اپنے لئے اس میں استثنا بھی چاہتے ہیں؛ ہم میرٹ کا مطالبہ کرتے ہیں، مگر اپنے کسی عزیز کی باری آئے تو سفارش کو حق سمجھنے لگتے ہیں؛ ہم شفافیت چاہتے ہیں، مگر اپنی سہولت کیلئے بند دروازے کے پیچھے ہونے والا کام ہمیں ناگوار نہیں گزرتا۔ مسئلہ شاید یہ نہیں کہ ہمیں اصول معلوم نہیں، مسئلہ یہ ہے کہ ہم اصولوں کا اطلاق اپنے اوپر اسی شدت سے نہیں چاہتے جس شدت سے دوسروں پر چاہتے ہیں۔ یہ تضاد ہماری قومی زندگی کے تقریباً ہر شعبے میں دکھائی دیتا ہے۔ کسی سرکاری دفتر میں لمبی قطار لگی ہو تو ہم اس شخص کو برا بھلا کہتے ہیں جو قطار توڑ کر اندر چلا جائے، لیکن اگر ہمارا کوئی جاننے والا اندر بیٹھا ہو تو ہم اسے فون کر کے کہتے ہیں: ''بس ذرا دیکھ لیجیے گا، بہت ضروری کام ہے، ہم سفارش کو اصولاً غلط کہتے ہیں، لیکن اپنی سفارش کو ''ریفرنس'' کا مہذب نام دے دیتے ہیں۔ دوسرے کا تعلق اقربا پروری ہے، ہمارا تعلق صرف ''مدد'' ہے۔ دوسرے کی غلطی بدعنوانی ہے، ہماری غلطی مجبوری ہے۔ دوسرے کا قانون توڑنا قومی بگاڑ ہے۔ یہیں سے ایک بنیادی سوال پیدا ہوتا ہے، کیا ہم واقعی ایک بہتر ریاست چاہتے ہیں یا صرف ایسی ریاست چاہتے ہیں جو ہمارے لئے بہتر ہو؟ یہ سوال تلخ ضرور ہے، مگر شاید اسی کا جواب ہماری اجتماعی اصلاح کا آغاز بن سکتا ہے، کیونکہ ریاست معاشرے سے الگ کوئی جزیرہ نہیں۔ پولیس، عدالت، بیوروکریسی، یونیورسٹی، پارلیمنٹ، ہسپتال اور دوسرے اداروں میں کام کرنے والے لوگ اسی معاشرے سے آتے ہیں۔ اگر معاشرے میں سفارش کو قابلِ قبول راستہ سمجھا جائے، اگر تعلق قابلیت پر فوقیت پا جائے، اگر قانون کو طاقتور کیلئے لچک دار اور کمزور کیلئے سخت تصور کیا جائے تو ریاستی ادارے بھی ان رویوں سے مکمل طور پر محفوظ نہیں رہ سکتے۔ ہم اکثر ریاستی اداروں کی کمزوری پر حیران ہوتے ہیں، مگر یہ کم ہی سوچتے ہیں کہ ان اداروں میں آنے والے افراد آخر کس معاشرتی تربیت سے گزر کر آئے ہیں۔ ہم اپنے بچوں کو کامیاب ہونے کے طریقے تو بتاتے ہیں، مگر کامیابی کی اخلاقی حدود کم ہی سمجھاتے ہیں۔ انہیں یہ سکھایا جاتا ہے کہ اچھے نمبر لاؤ، اچھی ملازمت حاصل کرو، آگے بڑھو، لیکن یہ سوال کم پوچھا جاتا ہے کہ آگے بڑھتے ہوئے کس کو پیچھے چھوڑ رہے ہو اور کس قیمت پر؟ اگر بچہ یہ دیکھے کہ گھر میں سفارش سے کام نکلوانا کامیابی ہے، امتحان میں نقل ''چالاکی'' ہے، قانون سے بچ نکلنا ''سمارٹنس'' ہے اور تعلقات کے ذریعے میرٹ کو پیچھے کرنا ''دنیا داری'' ہے تو پھر ہم اس سے عمل زندگی میں اصول پسندی کی توقع کیسے کر سکتے ہیں؟ یہی وجہ ہے کہ معاشرتی اصلاح محض اخلاقی نصیحت نہیں بلکہ قومی ضرورت ہے۔ ریاست قوانین بنا سکتی ہے، مگر ہر شہری کے ضمیر پر پولیس تعینات نہیں کر سکتی۔ حکومت سوشل میڈیا پر ہر جھوٹی خبر کے پیچھے نہیں جا سکتی۔ یونیورسٹی ہر طالب علم کے ہاتھ میں کھڑے ہو کر نقل نہیں روک سکتی۔ ٹریفک پولیس ہر چوک پر ہر گاڑی کو نہیں روک سکتی۔ کسی معاشرے کی اصل طاقت اس وقت سامنے آتی ہے جب شہری درست کام اس وقت بھی کریں جب انہیں کوئی دیکھنے والا نہ ہو۔ سوشل میڈیا نے اس مسئلے کو ایک نئی جہت بھی دے دی ہے۔ آج ہم کسی خبر کو اسلحے آگے بڑھا دیتے ہیں کہ وہ ہمارے موقف کے حق میں ہے۔ اگر خبر ہمارے خلاف ہو تو ہم اسے جھوٹ اور پروپیگنڈا قرار دیتے ہیں، یعنی سچ بھی کبھی کبھی ہماری پسند کا محتاج ہو جاتا ہے۔ یہ صرف معلومات کا مسئلہ نہیں، شہری کردار کا مسئلہ ہے۔ آزادیِ اظہار کا مطلب یہ نہیں کہ دوسروں کی عزت اور سچائی کی ذمہ داری ختم ہو گئی۔ ہمیں اپنے سیاسی، سماجی اور مذہبی اختلافات میں بھی یہی تضاد دکھائی دیتا ہے۔ ہم اپنے لئے برداشت چاہتے ہیں، مگر مخالف کے لئے برداشت نہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہماری رائے کو دلیل کے ساتھ سنا جائے، مگر دوسرے کی رائے کو سننے سے پہلے اس کے ارادے پر شک شروع کر دیتے ہیں۔ شاید کسی معاشرے کی پختگی کا اصل امتحان یہ نہیں کہ وہاں کتنے لوگ ایک جیسا سوچتے ہیں، بلکہ یہ ہے کہ مختلف سوچنے والے لوگ ایک دوسرے کے ساتھ کس طرح رہتے ہیں۔ یہاں تاریخ ہمارے لئے ایک اہم سبق رکھتی ہے۔ مضبوط معاشرے صرف قوانین سے نہیں بنتے؛ ان کے پیچھے شہری عادات اور اجتماعی اقدار بھی ہوتی ہیں۔ جنگوں اور تباہیوں سے گزرنے والے کئی معاشروں نے اپنی تعمیرِ نو میں صرف عمارتیں اور میعشتیں نہیں بنائیں، بلکہ نظم، محنت، قانون کی پابندی، تعلیم اور اجتماعی ذمہ داری کو بھی اپنی قومی ثقافت کا حصہ بنایا۔ پاکستان کو بھی ترقی کے لئے صرف نئے منصوبے نہیں، نئے شہری رویے درکار ہیں، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ ریاست اپنی ذمہ داری سے بری ہو جائے۔ بالکل نہیں۔ ریاست کو قانون کی بالادستی قائم کرنی ہے، اداروں کو شفاف بنانا ہے، میرٹ کو یقینی بنانا ہے، احتساب کو غیر جانبدار بنانا ہے اور شہریوں کو بنیادی سہولتیں فراہم کرنی ہیں۔ ریاست سے پہلے معاشرہ اسی لئے اہم ہے کہ ریاست ہمارے اجتماعی رویوں کا عکس بھی ہوتی ہے۔ ہم اگر اپنے لئے ہر جگہ سہولت اور استثنا چاہتے رہیں گے تو پھر ایسی ریاست کی تعمیر مشکل ہو گی جہاں سب کے لئے ایک ہی اصول ہو۔ ہم اگر سفارش کو اپنے لئے جائز اور دوسروں کے لئے ناجائز سمجھیں گے تو میرٹ صرف ایک خوبصورت لفظ بن کر رہ جائے گا۔ اور اگر ہم اپنے حق اور اپنی سہولت کے درمیان فرق نہیں کر سکیں گے تو انصاف کا تصور بھی ادھورا رہے گا۔ شاید ہمیں آج ریاست سے یہ پوچھنے کے ساتھ ساتھ اپنے آپ سے بھی ایک سوال پوچھنا چاہئے کیا ہمیں وہی اصول اپنے لئے قبول کرنے کو تیار ہوں جس کا مطالبہ میں دوسروں کے لئے کرتا ہوں؟ اگر اس سوال کا جواب ''ہاں'' میں آنا شروع ہو جائے تو شاید معاشرتی اصلاح کا سفر شروع ہو جائے۔

رات اپنے آخری پہر میں داخل ہو چکی ہے۔ شہر کی بیشتر کھڑکیاں اندھیرے

نوید سحر

میں ڈوبی ہوئی ہیں سڑکیں خاموش ہیں اور انسان اپنی نیند کی دنیا میں گم ہیں۔ اچانک ایک گاڑی ایک شخص کے سامنے آ کر رکتی ہے۔ دروازہ خود کھلتا ہے۔ اندر کوئی ڈرائیور نہیں۔ کوئی آواز نہیں پوچھتی کہ کہاں جانا ہے۔ منزل پہلے ہی گاڑی کی پروگرامنگ میں فیڈ ہے۔ وہ شخص گاڑی میں بیٹھتا ہے۔ دروازہ بند ہوتا ہے اور گاڑی چل پڑتی ہے۔ نہ ہاتھ اسٹیئرنگ پر ہے، نہ آنکھیں سڑک پر، نہ کوئی انسان راستہ دیکھ رہا ہے۔ پھر بھی گاڑی سرخ بتی پر رکتی ہے رفتار بدلتی ہے موڑ کاٹتی ہے اور اسے منزل تک پہنچا دیتی ہے۔ مسافر باہر نکلتا ہے۔ گاڑی خاموشی سے آگے بڑھ جاتی ہے۔ وہ چند لمحے اسے جاتا دیکھتا رہتا ہے اور شاید پہلی بار اس کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے۔ اگر شہر کی گاڑی کو انسان چلانے کی ضرورت نہیں رہی تو کیا ایک دن شہر کو بھی انسان کی ضرورت نہیں رہے گی۔ یہ سوال بظاہر مستقبل کا ہے، مگر اس کی چاپ آج ہماری سڑکوں کارخانوں بازاروں اور دفتروں میں سنائی دینے لگی ہے۔ انسان نے صدیوں میں شہر تعمیر کیے مشینیں بنائیں اور انہیں اپنے حکم کا پابند رکھا۔ مگر اب کہانی آہستہ آہستہ اپنا کردار بدل رہی ہے۔ مشینیں صرف حکم ماننے والی اشیا نہیں رہیں وہ فیصلوں میں مدد دے رہی ہیں راستے منتخب کر رہی ہیں خطرات پہچان رہی ہیں اور ایسے کام سنبھال رہی ہیں جو کبھی صرف انسان کے اختیار میں تھے۔ دنیا ایک ایسے دور کی طرف بڑھ رہی ہے جہاں گاڑی خود چلے گی، گودام خود سامان ترتیب دے گا، بجلی کا نظام اپنی ضروریات کا اندازہ خود لگائے گا اور عمارتیں اپنی توانائی کے استعمال کو خود منظم کریں گی۔ یعنی انسان نے شہر کو ذہین بنانے کی کوشش کی تھی مگر اب شہر انسان سے زیادہ ذہین ہونے کی طرف بڑھ رہا ہے۔ جون 2026 تک ایک معروف خودکار گاڑی بنانے والی کمپنی Waymo کے مطابق اس کی گاڑیوں نے انسانی ڈرائیور کے بغیر 3.271 ملین میل سفر کیا تھا۔ کبھی پیک میں رقم لینے کیلئے قطار ضروری تھی، آج ایک مشین چند لمحوں میں وہ کام کر دیتی ہے۔ کبھی خط پہنچانے کیلئے کئی دن درکار ہوتے تھے آج پیغام چند لمحوں میں دنیا کے دوسرے کنارے پہنچ جاتا ہے۔ ہر سہولت نے وقت بچایا مگر ہر سہولت نے کسی نہ کسی پرانے ہنر کو بھی خاموشی سے رخصت کیا۔ مشینیں انسان سے جنگ کرنے نہیں آئیں انسان نے اپنی سہولت کیلئے انہیں اپنے کام کی جگہ دی ہے۔ اصل سوال یہ نہیں کہ مشینیں انسان کا کام چھینیں گی یا نہیں۔ اصل سوال یہ ہے کہ جب مشینیں بہت سے کام کرنے لگیں گی تو انسان خود کیا کرے گا۔ اگر ہزاروں گاڑیاں خود چلنے لگیں تو ڈرائیوروں کا مستقبل کیا ہوگا اگر گوداموں میں خودکار نظام مزدوروں کی جگہ لینے لگیں تو روزگار کی شکل کیا ہوگی۔ اگر دفتری نظام فائلوں کا ابتدائی جائزہ خود لینے لگے تو انسان کی ذمہ داری کہاں سے شروع ہوگی اگر مصنوعی ذہانت ایک لمحے میں وہ تجزیہ کر دے جس کیلئے پہلے ایک پوری ٹیم درکار ہوتی تھی تو انسانی ملازمت کی نئی تعریف کیا ہوگی۔ یہ وہ سوالات ہیں جن کے جواب آج نہیں دیے گئے تو کل ان کے نتائج ہمیں دینا پڑیں گے۔ تاہم تاریخ کا ایک دوسرا سبق بھی ہے۔ نئی مشینیں پرانے کام ختم کرتی ہیں تو نئے کام بھی پیدا کرتی ہیں۔ صنعتی انقلاب نے ہاتھ سے ہونے والے بہت سے کام کم کیے، مگر انجینئرنگ، مشین سازی مرمت اور نئی صنعتوں کے دروازے کھول دیے۔ فرق صرف اتنا تھا کہ جو لوگ وقت کے ساتھ اپنا ہنر بدل گئے وہ نئے زمانے میں داخل ہو گئے اور جو پرانے طریقوں سے لپٹے رہے وہ تاریخ کے ایک باب میں سمٹ کر رہ گئے۔ مستقبل مشینوں کا نہیں ہوگا مستقبل ان انسانوں کا ہوگا جو مشینوں کو اپنے قابو میں رکھنا جانتے ہوں گے۔ خودکار شہر بظاہر سہولت کی انتہا ہوں گے۔ مگر ہر سہولت کے ساتھ ایک سوال بھی پیدا ہوگا۔ اگر یہ تمام نظام خودکار طریقے سے ایک دوسرے سے جڑ گئے اور کسی ایک مقام پر خرابی پیدا ہو گئی تو کیا ہوگا۔ اگر کسی نے نظام میں مداخلت کر دی تو یا اگر مشین کو غلط معلومات فراہم کر دی گئیں اور ڈیٹا غلط فیڈ ہو گیا تو اس کے مطابق مصنوعی ذہانت نے کوئی ایسا فیصلہ کیا جسے انسان نے کبھی سوچا ہی نہ ہو تو پھر اس کا نتیجہ کیا ہوگا۔ پاکستان کیلئے یہ سوال محض مستقبل کی کہانی نہیں۔ ہمیں اپنے نوجوانوں کو صرف ڈگری نہیں دینی انہیں بدلتی دنیا میں زندہ رہنے اور آگے بڑھنے کا ہنر دینا ہوگا۔ کل کی ملازمت شاید اس شخص کو ملے جو مشین سے مقابلہ نہیں کرے گا بلکہ مشین کو اپنے لیے کام کرنا سکھائے گا۔ ہم نے انسانی ملازمت کی نئی تعریف کیا ہوگی۔ یہ وہ سوالات ہیں جن کا جواب آج نہیں دیے گئے تو کل ان کے نتائج ہمیں دینا پڑیں گے۔ ہم شہر اس راستے پر چل پڑے ہیں۔ کہیں خودکار گاڑیوں کی آزمائش جاری ہے کہیں خودکار کارخانے ہاتھ سے ہونے والے بہت سے کام کیے، مگر انجینئرنگ، مشین سازی مرمت اور نئی صنعتوں کے دروازے کھول دیے۔ فرق صرف اتنا تھا کہ جو لوگ وقت کے ساتھ اپنا ہنر بدل گئے وہ نئے زمانے میں داخل ہو گئے اور جو پرانے طریقوں سے لپٹے رہے وہ تاریخ کے ایک باب میں سمٹ کر رہ گئے۔ مستقبل مشینوں کا نہیں ہوگا مستقبل ان انسانوں کا ہوگا جو مشینوں کو اپنے قابو میں رکھنا جانتے ہوں گے۔ خودکار شہر بظاہر سہولت کی انتہا ہوں گے۔ مگر ہر سہولت کے ساتھ ایک سوال بھی پیدا ہوگا۔ اگر یہ تمام نظام خودکار طریقے سے ایک دوسرے سے جڑ گئے اور کسی ایک مقام پر خرابی پیدا ہو گئی تو کیا ہوگا۔ اگر کسی نے نظام میں مداخلت کر دی تو یا اگر مشین کو غلط معلومات فراہم کر دی گئیں اور ڈیٹا غلط فیڈ ہو گیا تو اس کے مطابق مصنوعی ذہانت نے کوئی ایسا فیصلہ کیا جسے انسان نے کبھی سوچا ہی نہ ہو تو پھر اس کا نتیجہ کیا ہوگا۔ پاکستان کیلئے یہ سوال

''ابھی عشق کے امتحان اور بھی ہیں''

ڈاکٹر فوزیہ تبسم

آج اچانک ایک سفید پوش خاندان کی لڑکی سے ملاقات ہوئی چند منٹ بات کرنے کے بعد وہ زار و قطار رونے لگی، پوچھنے پر معلوم ہوا کہ اس کے والد وفات پا چکے ہیں۔ ماں فالج کی مریضہ ہے وہ اور اس کی والدہ کرائے کے گھر میں رہتے ہیں۔ وہ ایک سکول میں پڑھاتی ہے دس ہزار تنخواہ میں گزر بسر انتہائی مشکل ہے اسی تنخواہ میں اس نے ماں کی دوائی لینی ہے، گھر کا راشن، گیس، گھر کا کرایہ اور بجلی کا بل کیسے گزارہ کروں، کون سا بل اتاروں۔ ایک صاحب وہاں بیٹھے تھے کہنے لگے! او یہ ایک ہزار رکھو اس وقت میرے پاس یہی ہیں۔ وہ زار و قطار رونے لگی اور بولی میں مانگنے والی نہیں۔ پڑھی لکھی ہوں اگر آپ یہ بجلی کا بل کروا دیں تو میں آپ کی بے حد شکر گزار ہوں گی۔ 15000 بل آیا ہے میں 10 ہزار تنخواہ میں کس طرح ادا کروں۔ یہ ایک حقیقت تھی آج کل گھر گھر غریب ہو یا متوسط طبقے کے لوگ، بجلی، پانی گیس کے بلوں کو ادا کرتے کرتے بے حال ہو چکے ہیں۔ اچھی خوراک ان کی پہنچ سے دور ہے۔ سبزی، چاول، دالیں، مصالحے، دودھ، دہی سب کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں۔ غریب کا زندگی گزارنا دن بدن مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ کسی کاروباری سے سوال کریں تو وہ بھی یہی کہتا ہے کہ کاروبار میں منافع برائے نام ہے۔ مارکیٹیں ویران ہو رہی ہیں، سڑکیں خاموش ہوتی جا رہی ہیں۔ پٹرول مہنگا ہونے کی وجہ سے عام لوگوں کے لئے مسئلہ بن چکا ہے۔ پٹرول مہنگا ہوتا ہے تو ہر چیز کی قیمت آسمان سے باتیں کرنے لگتی ہے۔ انٹرسٹ ریٹ بند ہوتی چلی جا رہی ہیں جب بھی مہنگی ہو گی تو انڈسٹری کیسے چل سکتی ہے۔ انڈسٹری زراعت، تعلیم اور میڈیکل کسی بھی ملک کے لئے ریڑھ کی ہڈی کا کام کرتے ہیں۔ ہماری ایکسپورٹ نہ ہونے کے برابر ہے ہم انٹرنیشنل مارکیٹ میں سب سے پیچھے ہیں، جب ایکسپورٹ نہیں ہو گی تو فارن کرنسی ملک میں کیسے آئے گی۔ نئی انڈسٹری اگر نہیں لگ سکتی تو حکومت کو چاہیے کہ پرانی انڈسٹریز ہی کو چلا دے اور ان کو سہولتیں مہیا کر دے تو انڈسٹری کے چلنے سے ایک عام آدمی خوشحال ہو سکتا ہے۔ عوام کو ملازمت کے مواقع میسر آ جائیں گے، بے روزگاری کا خاتمہ ہو جائے گا، ملک خوشحال ہو گا تو حکومت کو ٹیکس بھی زیادہ ملنے لگے گا۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ انڈسٹری کو بجلی، گیس اور پانی سستے داموں فراہم کرے اور ابتداء ⌊ میں انہیں ٹیکس سے استثنیٰ دے تاکہ جو لوگ یہاں کے حالات سے تنگ آ کر اپنا سرمایہ ملک سے باہر لے جا رہے ہیں وہ اپنا سرمایہ اپنے ملک میں ہی لگائیں۔ ہم سب جانتے ہیں کہ پاکستان ایک زرعی ملک ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اپنی زراعت کو فروغ دیں، پاکستان کی گندم اور چاول دنیا کے بہترین اناج میں شامل ہے، مگر حکومتی تعاون نہ ہونے کی وجہ سے اب زمیندار اپنی زمینوں کو بیچ رہے ہیں یا پھر ان زمینوں پر سوسائٹیاں بنائی جا رہی ہیں، اگر ہم نے اپنی زراعت پر توجہ نہ دی تو ملک میں بیزری، گندم، چاول نایاب ہوتے چلے جائیں گے یہ نہ کہ ہمیں دوسرے ممالک سے یہ سب چیزیں خریدنا پڑ جائیں اس کے لئے ضروری ہے کہ زراعت کے لئے کسانوں اور زمینداروں کو اچھی سہولتیں فراہم کی جائیں۔ ٹیوب ویل چلانے کے لئے بھی انہیں چند دن بجلی فلیٹ ریٹ پر دی جائے یعنی کسی ٹیکس کے بغیر دی جائے تاکہ وہ اپنی فصلوں کو بھرپور پانی لگا سکیں۔ حکومت کو چاہیے کہ زمیندار کی فصل بروقت اور اچھے ریٹ پر خریدے تاکہ زمیندار کو فائدہ ہو اور اس کے تمام اخراجات بھی پورے ہوں۔ عوام کو بازار سے اگر سستی گندم ملے گی تو ظاہر ہے لوگوں کو سستی روٹی بھی میسر آئے گی۔ ہمارے زمیندار خوش اور خوشحال ہوں گے تو وہ زیادہ سے زیادہ فصل لگائیں گے اور اگر خدانخواستہ انہیں نقصان ہو گا تو ملک میں گندم، چاول کی فصل نہ لگنے کی صورت میں ہمیں قحط کا منہ بھی دیکھنا پڑ سکتا ہے۔ ملک کے تعلیمی نظام کو بھی درست کرنے کی ضرورت ہے۔ تعلیم کے بغیر ترقی ناممکن ہے۔ تعلیم کو عام کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ تعلیمی بجٹ کو بھی بڑھانے اور اس پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ پورے ملک میں ایک ہی سلیبس ہونا چاہیے، تمام غیر ضرور مضامین کو سلیبس سے نکال دینا چاہیے جس کے پڑھنے سے کسی طالب علم کو فائدہ نہیں ہوتا۔ عام طور پر اگر کوئی طالب علم تھرڈ ڈویژن لیتا ہے تو اسے کسی بھی کالج میں داخلے کے قابل نہیں سمجھا جاتا اس سے بہتر یہ نہیں کہ اسے فیل ہی کر دیا جائے اور وہ دوبارہ اسی اچھے نمبروں میں پاس کرے اور کالج میں داخلہ لے۔ ہمارے اساتذہ کو بھی جدید تعلیمی نظام سے روشناس کروانا چاہیے۔ چھوٹے معصوم بچوں کے لئے بھاری بستوں کا بوجھ کم کرنا چاہیے۔ ہمارے بچوں کے ماں باپ کو بھاری فیسیں بھی ادا کرنا پڑتی ہیں اگر ہم دوسرے ملکوں سے موازنہ کریں تو دنیا کے زیادہ تر ملکوں میں بچوں کی پرائمری تعلیم سے لے کر میٹرک تک تعلیم مفت ہے اور وہاں گورنمنٹ اور پرائیویٹ تمام سکولوں کا سلیبس ایک ہی ہے۔ کاش ایسا ہو کہ ہمارے ملک میں بھی بچوں کی تعلیم پرائمری سے انٹرمیڈیٹ تک تعلیم لازمی قرار دے دی جائے۔ ایسا کرنے سے ہمارا ملک وقت کے ساتھ ترقی کی منازل طے کرتا چلا جائے گا۔ پاکستان کی معاشی صورت حال بے شک چیلنجز سے بھری ہے مگر یہ ناممکن نہیں، مستقل معاشی پالیسیاں اصلاحات اور عوامی ریلیف کے ذریعے ہم بہتری لا سکتے ہیں۔ پاکستان کا مستقبل صرف قرضوں کے اتارنے اور چڑھانے میں نہیں بلکہ ایک مضبوط پیداواری اور عوام دوست معیشت بنانے میں ہے اگر ہم مسلسل محنت، دیانت اور قومی مفاد کو ترجیح دیں تو آج کے مسائل کل کے روشن مستقبل کی بنیاد بن سکتے ہیں۔ حکومت سے امید ہے اور ہم سب اس امید کو زندہ رکھتے ہیں ہماری مثبت سوچ اور مسلسل جدوجہد ہی ہماری سب سے بڑی طاقت بن کر ابھرے گی، انشاء ⌊ اللہ

بقیہ 1

بقیہ 2

بقیہ 3

بقیہ 4

بقیہ 5

بقیہ 6

بقیہ 7

بقیہ 8

بقیہ 9

بقیہ 10

بقیہ 11

بقیہ 12

بقیہ 13

بقیہ 14

بقیہ 15

بقیہ 16

بقیہ 17

بقیہ 18

بقیہ 19

بقیہ 20

بقیہ 21

بقیہ 22

بقیہ 23

بقیہ 24

بقیہ 25

بقیہ 26

بقیہ 27

بقیہ 28

بقیہ 29

بقیہ 30

بقیہ 31

بقیہ 32

بقیہ 33

بقیہ 34

بقیہ 35

بقیہ 36

بقیہ 37

بقیہ 38

بقیہ 39

بقیہ 40

بقیہ 41

بقیہ 42

بقیہ 43

بقیہ 44

بقیہ 45

بقیہ 46

بقیہ 47

بقیہ 48

بقیہ 49

اطلاع عام بابت داخلہ درجہ ہفتم (10th Entry) برائے تعلیمی سال 2027

کیڈٹ کالج نوشکی میں جماعت ہفتم (7th) کلاس 2027ء میں داخلوں کا اعلان کیا جاتا ہے۔

(1) **درخواست فارم**:۔ درخواست فارم (ویب سائٹ www.ccn.edu.pk) سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے اور بنک ڈیپازٹ فیس قابل رجوع کرانے کی آخری تاریخ 25 نومبر 2026ء ہے۔ 500 روپے فیس کے ساتھ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 30 نومبر 2026ء ہوگی 30 نومبر 2026ء کے بعد اسمارٹ کیس کو اضافہ فارم قابل قبول نہیں ہوگا۔

(2) **پراسپیکٹس / درخواست فارم**:۔ پراسپیکٹس اور درخواست فارم بعوض درخواست فارم برائے پی ایل یونیک کیڈن انڈین روڈ نوشکی برائے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ داخلہ اون لائن بھی فارم کی صورت میں مبلغ 2500/- روپے کا پے بنک ڈرافٹ کیڈٹ کالج نوشکی کا واؤچر نمبر 08106699-0079 پی ایل یونیک کوڈ کا ضروری ہوگا اس اون لائن اور آفلائن کی صورت میں آن لائن رسید کاپی فارم کے ساتھ لف کرنا لازم ہوگا۔

(3) مقرر تاریخ 25 نومبر 2026ء کو رٹنے کے بعد مبلغ 3000/- Rs (شمول 500 روپے ایڈمیشن فیس) کے ڈرافٹ فارم کے ساتھ اصل بنک ڈرافٹ یا چالان آن لائن (اگر جمع کرایا گیا ہو) کی رسید کا لازمی ہے بصورت دیگر فارم قابل قبول نہیں ہوگا۔

(4) **اہلیت**:۔ امیدوار نے داخلہ کے امتحان (جسے عام طور پر ایڈمیشن ٹیسٹ کہا جاتا ہے) اور اس کی عمر 31-01-2027 تک 13 سال سے زیادہ اور 11 سال سے کم نہ ہو (یعنی تاریخ پیدائش 31 جنوری 2014ء اور 31 جنوری 2016ء کے درمیان ہونی چاہئے) اور عمر میں کوئی رعایت نہیں دی جائیگی۔

(5) **صحت**:۔ امیدوار ذہنی و جسمانی طور پر تندرست ہو۔

(6) **انتخاب**:۔ امیدوار کا انتخاب تحریری ٹیسٹ اور انٹرویو کی بنیاد پر کیا جائیگا ٹیسٹ بلوچستان بکسٹ بک بورڈ کے درجہ ششم کے موجودہ نصاب سے پیچیدہ ہوئے مضامین سے لیا جائیگا۔

پیپر کا طریقہ کار	انگریزی	ریاضی	اردو	جنرل سائنس	تناسب
Objective	15	15	15	15	40%
Subjective	15	15	15	15	60%

نیز حاصل کردہ نمبرز کی میرٹ سے کے مطابق امیدوار کا انٹرویو لیکر بنیادی بنیاد پر کیا جائیگا حتمی میرٹ لسٹ انٹرویو کے بعد کالج کی ویب سائٹ پر اپلوڈ کی جائیگی۔

(7) داخلہ امور والدہ اور سرپرست کے ذاتی انٹرویو اور ٹیسٹ کی بنیاد پر کیا جائیگا۔ داخلہ کا امر پرنسپل اپنے صوابدید کا مجاز ہوگا۔

(8) **ٹیسٹ کی تاریخ**:۔ داخلہ ٹیسٹ مورخہ 13 دسمبر 2026ء کو کوئٹہ میں منعقد ہوگا داخلہ ٹیسٹ BACT کے زیر اہتمام ریمورٹ پراکٹرنگ کے ذریعے BACT کی ویب سائٹ (www.bact.org.pk) پر آپ لائن ہوگا۔

(9) **فارم جمع کرنے کا طریقہ**:۔ یہ طرح سے مکمل فارم کیڈٹ کالج نوشکی کے مندرجہ ذیل ایڈریس پر ارسال کریں۔

(Cadet College Noshki Main RCD Taftan Road District Noshki)
کیڈٹ کالج نوشکی ضلع نوشکی
ٹیلیفون نمبر آفس نمبر 0825875003 03363050581 واٹس ایپ نمبر

پرنسپل کیڈٹ کالج نوشکی

AB No397/06-10-2026

بقیہ 1

ہونے جس میں تقریبا 1,200 افراد شہید ہوئے جبکہ افغان شہریوں کی جانب سے 37 خودکش حملے کیے گئے جس صرف رواں سال نہتے شہریوں نے 14 خودکش حملے کیے جو پچھلے سے جن میں اکثریت افغان شہریوں کی تھی۔ سید ہرانڈیال چیدری نے کہا کہ تیسرا بنیادی ذمہ داری ہے ہاں پولیس وشعبہ کردی کے خلاف فرنٹ لائن پر لڑ رہی ہے ہاں پولیس کو مطلوبہ نفری، وسائل اور سہولیات فراہم نہ کرنا انتہائی تشویشناک ہے۔ میئر ہرانڈیال چیدری نے کہا کہ ضم شدہ اضلاع میں ضلع کی ذمی کی استعداد انتہائی محدود ہے، 1.2 روپے روپے جاری ہے۔ میئر ہرانڈیال چیدری نے سوال کیا کہ جب پولیس وسائل کی کمی کا شکار ہے تو تیسرا ذمی آئی جی اے ایف پی کو کیوں کر دی گئی ہے تو تیسرا ہے کہ حکومت نے صرف 1.2 روپے روپے جاری ہے۔ میئر ہرانڈیال چیدری نے سوال کیا کہ جب پولیس وسائل کی کمی کا شکار ہے تو تیسرا ذمی آئی جی اے ایف کو کیوں

دہشتگردوں کی سرپرستی قبول نہیں طلال چوہدری کا پی ٹی آئی کو پیغام

مذاکرات میں بڑا بریک تھرو ہو چکا تھا، وزیراعلیٰ کے پی کی شرائط رکاوٹ بنیں، اس بار غلط فہمی ایسی دور ہوگی کہ پھر ملک میں مارچ نہیں ہوگا

حکومت نے نمٹنے کے لئے سیاسی اور آئینی سمیت تمام تر تدابیر مکمل کر لی ہیں، ٹی ایل پی ہو یا کوئی اور، اب کوئی نان سینس نہیں ہوگی، پریس کانفرنس

اسلام آباد (اے این این) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کے مذاکرات میں بڑا بریک تھرو ہو چکا تھا، تاہم وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی آخری وقت میں شرائط مذاکرات کی ناکامی کا باعث بنیں، اس وقت اپوزیشن کے مذاکرات کار ہم سے آنکھیں نہیں ملا پا رہے تھے، اپوزیشن بہت سے حقائق پر پردہ ڈال رہی ہے، انہوں نے جان بوجھ کر اس اہم عمل کو نتیجہ خیز نہیں بننے دیا، اس دفعہ ان کی جو غلط فہمی نکلے گی، اس کے بعد ملک میں مارچ نہیں ہوگا کیونکہ حکومت نے اس سے نمٹنے کے لئے سیاسی اور آئینی سمیت تمام تر تدابیر مکمل کر لی ہیں۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ مذاکرات میں شامل اپوزیشن کے لوگ اپنی پارٹی اور

(بقیہ 26 ندرونی صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، صوبائی وزیر منصوبہ بندی وترقیات میر ظہور احمد بلیدی سے وفد ملاقات کر رہا ہے

تعلیم کے شعبے میں غفلت اور لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی: ڈاکٹر سلیم زرکون

ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن ڈاکٹر سلیم زرکون کا بارکھان اور رکنی کے مختلف اسکولوں کا اچانک دورہ

بارکھان/رکنی (خ ن) ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن کوہ سلیمان ڈویژن رکھنی ڈاکٹر سلیم زرکون نے گورنمنٹ ہائی سکول بارکھان، گورنمنٹ ہائی سکول کوڈی موڑ گورنمنٹ ہائی سکول رکنی اور دیگر ملحقہ سکولوں کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے مختلف کلاس رومز کا معائنہ کیا اور طلباء سے نصابی سوالات پوچھ کر ان کے تعلیمی معیار کا جائزہ لیا۔ انہوں نے طلباء کی کاپیاں اور اسباق بھی چیک کیے۔ ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن نے اساتذہ اور طلباء کے حاضری رجسٹرز کا بھی معائنہ کیا اور سکول ریکارڈ کو باقاعدگی سے مکمل رکھنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ہیڈ ماسٹرز اور سکول عملے سے ملاقات کر کے تدریسی وانتظامی امور کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے سکول کی عمارت، کلاس رومز، صحن اور صفائی ستھرائی کی صورتحال بھی دیکھی اور سکول انتظامیہ کو تعلیمی ماحول مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ ڈاکٹر سلیم زرکون نے کہا کہ تعلیم کے شعبے میں غفلت اور لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اساتذہ اپنی حاضری یقینی بنائیں اور طلباء کی بہتر تعلیم و

(بقیہ 85 ندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان، دکی سے اغوا 12 مزدوروں میں سے ایک پنجابی محنت کش کا قتل

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے ضلع دکی سے اغوا ہونے والے 12 مزدوروں میں سے ایک کو دہشت گردوں نے قتل کر دیا۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق دکی میں پولیس حکام نے اس کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ ہلاک ہونے والے مزدور شاہد کا تعلق پنجاب کے ضلع رحیم یار خان سے تھا۔ دکی پولیس حکام کے مطابق قانونی کارروائی کے بعد مارے جانے والے مزدور کی لاش ان کے آبائی علاقے رحیم یار خان بھجوا دی گئی۔ ہلاک ہونے

(بقیہ 63 ندرونی صفحہ 3 پر)

صدر مملکت کا ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردی کے واقعات پر تشویش

اسلام آباد (یو این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری نے ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردی کے واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیرونی سرپرستی اور مقامی سہولت کاروں کی طرف سے جاری دہشت گردی کے خلاف پاکستانی عوام اور سکیورٹی ادارے فولادی دیوار کی طرح کھڑے ہیں۔ منگل کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے ڈیرہ اسماعیل خان

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 3 پر)

پیپلز پارٹی عوامی خدمت کے ایجنڈے پر گامزن ہے، سردار عبید اللہ گورگیج

بلوچستان کی ترقی اور عوامی مسائل کا حل حکومت کی اولین ترجیحات ہیں، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (یو این اے) رکن بلوچستان اسمبلی و پیپلز پارٹی کے رہنما سردار عبید اللہ گورگیج نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی عوامی خدمت کے ایجنڈے پر گامزن ہے اور عوام کی فلاح و بہبود، بلوچستان کی ترقی اور بنیادی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی، بے روزگاری کے خاتمے اور عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ سردار عبید اللہ گورگیج نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے

(بقیہ 34 ندرونی صفحہ 3 پر)

جی ڈی اے کا شہری خدمات کو مزید موثر بنانے کے لیے مشینری فلیٹ میں چھ نئے لوڈر رکشوں کا اضافہ

ڈی جی جی ڈی اے معین الرحمٰن خان نے نئے لوڈر رکشے واٹر، باغبانی اور میونسپل ونگ کے حوالے کر دیے

گوادر (خ ن) گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے شہری خدمات کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اپنے مشینری و ٹرانسپورٹ فلیٹ میں چھ نئے جدید لوڈر رکشوں کا اضافہ کر دیا۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمٰن خان نے نئے لوڈر رکشے واٹر، باغبانی اور میونسپل ونگ سمیت متعلقہ شعبوں کے حوالے کر دیے۔ اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد پی ڈی

(بقیہ 32 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عبدالغفور جمالی کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال گنداواہ کا تفصیلی دورہ

ہسپتال میں دستیاب ادویات، مریضوں کو طبی سہولیات اور اسٹاک کی موجودہ صورتحال کا باریک بینی سے جائزہ

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کی ہدایات کی روشنی میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جھل مگسی عبدالغفور جمالی نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال گنداواہ کا تفصیلی دورہ کیا جہاں انہوں نے ہسپتال میں دستیاب ادویات مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور ادویات کے اسٹاک کا باریک بینی سے جائزہ لیا اس موقع پر سینئر میڈیکل آفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق آرائیں نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کو ہسپتال میں موجود مختلف اقسام کی ادویات ان کے اسٹاک کی موجودہ صورتحال مریضوں کو ادویات کی فراہمی اور علاج معالجے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی

(بقیہ 38 ندرونی صفحہ 3 پر)

ضلع گوادر میں مہاجر پرندوں اور جنگلی حیات کے غیر قانونی شکار پر مکمل پابندی عائد

بلوچستان وائلڈ لائف ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز سخت قانونی کارروائی کی جائے گی: اسد اللہ

گوادر (خ ن) ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات ضلع گوادر اسد اللہ نے عوام الناس، مقامی آبادی، شکاریوں، اور دیگر متعلقہ افراد کو خبردار کیا ہے کہ باہر سے آنے والے پرندوں سمیت جنگلی حیات کے غیر قانونی شکار، جال بچھانے، پھندے لگانے، پکڑنے، نقل وحمل اور خرید و فروخت کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی انہوں نے کہا کہ موسمی نقل مکانی کے دوران بڑی تعداد میں مہاجر پرندے بلوچستان کے ساحلی علاقوں، آبی ذخائر، جھیلوں اور قدرتی مساکن کا رخ کرتے ہیں، اس لیے ان کے تحفظ کے لیے نگرانی اور کارروائی مزید مؤثر بنائی جا رہی ہے ڈپٹی کنزرویٹر جنگلات نے واضح کیا کہ بلوچستان وائلڈ لائف (پروٹیکشن، پریزرویشن، کنزرویشن اینڈ مینجمنٹ) ایکٹ 2014ء اور اس کے تحت نافذ قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز

(بقیہ 42 ندرونی صفحہ 3 پر)

قلات، ایس ایچ او اور گن مین لاپتہ، مبینہ اغوا کا خدشہ

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے ضلع قلات کے علاقے منگچر سے خالق آباد پولیس تھانے کے ایس ایچ او علی اصغر نیچاری اور ان کے گن مین سلمان کے لاپتہ ہونے کی اطلاع ملی ہے۔ پولیس کے مطابق ایس ایچ او علی اصغر نیچاری نجی گاڑی میں معمول کی گشت کے لئے تھانے سے روانہ ہوئے تھے، تاہم کافی وقت گزرنے کے باوجود دونوں سے رابطہ نہیں ہو سکا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ رابطہ منقطع ہونے کے

(بقیہ 43 ندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان پولیس کی کارروائیاں، 838 ملزمان گرفتار، 8 مغوی بازیاب

کارروائیوں کے دوران بھاری مقدار میں اسلحہ برآمد کیا گیا جن میں 122 پسٹل، 4 کلاشنکوف اور 8 رائفلیں شامل ہیں

صوبے بھر میں جرائم کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی نافذ، بھاری مقدار میں اسلحہ، منشیات اور مسروقہ گاڑیاں برآمد، شہریوں کا تحفظ ترجیح ہے، بلوچستان پولیس

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان پولیس نے صوبے بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گریک ڈان کے دوران بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے مختلف کارروائیوں میں 838 ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے۔ ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق گزشتہ تین ہفتوں کے دوران کی جانے والی ان کارروائیوں میں 80 اشتہاری مجرموں اور 306 مفرور ملزمان کو قانون کی گرفت میں لایا گیا ہے، جبکہ مختلف جرائم میں ملوث دیگر 452 ملزمان کو بھی حراست میں لے لیا گیا ہے۔ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے اغوا ہونے والے 8 مغویوں کو بھی بحفاظت بازیاب کرا لیا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ پولیس نے کارروائیوں کے دوران بھاری مقدار میں اسلحہ برآمد کیا ہے، جن میں 122 پسٹل، 4 کلاشنکوف

(بقیہ 27 ندرونی صفحہ 3 پر)

اپوزیشن اور حکومت کے درمیان دوبارہ مذاکرات کی امید ہے، فواد چودھری

ایک طرف آپ بہت بڑے فیصلے کرنے جا رہے ہیں پھر ملکی سیاست میں استحکام ضروری ہے

لاہور (اے این این) سابق وفاقی وزیر فواد چودھری نے کہا ہے کہ اپوزیشن اور حکومت کے درمیان اگلے چوبیس گھنٹوں میں دوبارہ مذاکرات کی امید ہے۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سابق وفاقی وزیر فواد چودھری کا کہنا تھا کہ مکہ معاہدہ پر عمل ہونے جا رہا ہے یہ وزارت خارجہ کا بہت بڑا فیصلہ ہے، دوسری طرف ہم ملک میں نئے صوبے بنانے جا رہے ہیں یہ فیصلہ بھی بہت بڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف آپ بہت بڑے فیصلے کرنے جا رہے ہیں پھر ملکی سیاست میں استحکام ضروری ہے، ان فیصلوں کا پاکستان کے نظام اور عوام سے بہت گہرا اثر ہوگا۔ سابق وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ اپوزیشن اور حکومت کے مذاکرات ہونا خوش آئند بات ہے، امید ہے اپوزیشن اور حکومت کے درمیان اگلے چوبیس گھنٹوں میں دوبارہ

(بقیہ 44 ندرونی صفحہ 3 پر)

شہدا جمہوریت وشہدا وطن کی برسی پر 7 اکتوبر زوب میں مرکزی جلسہ عام ہوگا، پشتونخوا میپ

جلسہ عام سے پشتونخوا میپ کے چیئرمین ملی مشر محمود خان اچکزئی و دیگر مرکزی وصوبائی قائدین خطاب فرمائینگے

کوئٹہ (جی این ایم) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک میں طویل ضیائی مارشل لاء کے خلاف ایم آر ڈی کی تحریک بحالی جمہوریت پر 3 اکتوبر 1983ء کو درجنوں سیاسی جمہوری کارکنوں، نہتے عوام کو سندھ میں شہید کرنے کے انسانیت سوز، المناک سانحہ کے خلاف شہدا سندھ کے حق میں کوئٹہ میں 7 اکتوبر 1983 کو احتجاجی مظاہرہ پر فائرنگ جس میں پارٹی کے چار کارکنان شہید، درجنوں زخمی ہوئے اور پارٹی رہنماؤں ڈاکٹر کلیم اللہ، عبدالقہار ودان سمیت دیگر کارکن ڈھائی سال زیر حراست اور پارٹی کے محبوب چیئرمین محمود خان اچکزئی ساڑھے چھ سال روپوش رہے۔ اس طرح 1 1 اکتوبر 1991 کو ئٹہ شہر میں پارٹی کے پانچ رہنماؤں وکارکنوں کو شہید کیا گیا۔ شہدا جمہوریت کا کا محمود شہید، اولس یار شہید، داؤد شہید، رمضان شہید اور شہدا وطن عبدالرحیم کلیوال شہید، صابر شاہ شہید، باز محمد

(بقیہ 36 ندرونی صفحہ 3 پر)

عوام کی فلاح و بہبود کیلئے دن رات ایک کر کے کام کر رہے ہیں، وفاقی محتسب کوئٹہ

وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار کی کامیاب کارروائی، مستحق خاتون کو بی آئی ایس پی کا رکا ہوا وظیفہ مل گیا

خضدار (اے این این) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس خضدار نے غریب اور مستحق عوام کو فوری اور مفت انصاف فراہم کرنے کی اپنی شاندار روایت برقرار رکھتے ہوئے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی ایک مستحق خاتون کو ان کا رکا ہوا وظیفہ دلوا دیا۔ وفاقی محتسب کی بروقت مداخلت نے سرکاری محکمے کی جانب سے ہونے والی تاخیر کا ازالہ کر کے غریب خاندان کی دادرسی کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق، ضلع خضدار کی تحصیل کرخ کے علاقے مڑی بھلوک کی رہائشی محترمہ آمنہ نے وفاقی محتسب کے ریجنل آفس خضدار میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے خلاف ایک شکایت درج کروائی تھی۔ درخواست گزار کا موقف تھا کہ وہ اس پروگرام کی

(بقیہ 48 ندرونی صفحہ 3 پر)

ڈی ایس پی سرکل گنداخہ محمد علی جمالی کی اہم ملاقات

ملاقات میں صحافیوں کو درپیش مسائل اور علاقے کی امن امان پر تفصیلی بات چیت کی گئی

گنداخہ (اے این این): ڈی ایس پی سرکل گنداخہ محمد علی جمالی سے تحصیل پریس کلب گنداخہ کے صدر و بلوچستان میڈیا فورم ضلع اوستہ محمد کے صدر میجر جمالی نے خصوصی ملاقات کی اور انہیں نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران علاقے میں امن و امان کی صورتحال، جرائم کی روک تھام، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور پولیس وصحافتی برادری کے درمیان مؤثر رابطہ کاری سمیت مختلف اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ میجر جمالی نے ڈی ایس پی محمد علی جمالی کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں،

(بقیہ 49 ندرونی صفحہ 3 پر)

پی آئی اے میں بڑی انتظامی تبدیلیاں، سی او او اور جی ایم سمیت متعدد عہدے ختم

کراچی (اے این این) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز (پی آئی اے) میں بڑے پیمانے پر انتظامی تبدیلیاں کرتے ہوئے سی او او اور جی ایم سمیت متعدد عہدے ختم کر دیئے گئے۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ہدایت پر ایک جامع اصلاحاتی منصوبے کے تحت بڑی انتظامی تبدیلیاں اور محکموں کی تنظیم نو کر دی گئی ہے۔ مکمل طور پر ختم کر دیا گیا ہے

بانی پی ٹی آئی کی بہنوں سے ملاقات کیلئے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر

لاہور (جی این ایم) جیل میں قید بانی پی ٹی آئی کی بہنوں سے ملاقات کیلئے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی گئی۔ درخواست ڈاکٹر عظمیٰ خان کے شوہر احد خان نے دائر کی، درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ ڈاکٹر عظمیٰ خان اور انکی دونوں بہنوں کو نظر بند کر دیا گیا ہے اور تینوں بہنوں سے نہ تو اہل خانہ اور نہ ہی وکلا کی ملاقات کرائی جا رہی ہے۔ درخواست میں کہا گیا ہے

وزیراعظم آزاد کشمیر نے کابینہ ارکان کے قلمدانوں میں ردوبدل کی منظوری دیدی

مظفر آباد (جی این ایم) وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی نے کابینہ کے ارکان کے قلمدانوں میں ردوبدل کی منظوری دے دی۔ وزیراعظم کی منظوری کے بعد کابینہ کے بعض وزراء کے محکموں میں تبدیلی سے متعلق باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ سرکاری نوٹیفکیشن کے مطابق کابینہ کے بعض ارکان کو تفویض کردہ محکموں میں ردوبدل کر کے 3 وزراء کے ذمہ محکموں اور ذمہ داریوں کو ازسرنو ترتیب دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق عبدالرحمان آرائیں کو صنعت، لیبر، سیری کلچر، پرنٹنگ پریس، کھیل، امور نوجوانان، ثقافت، سیاحت اور آثار قدیمہ کے ساتھ ساتھ کامرس اور اوزان و پیمائش کے محکمے دے دیئے گئے ہیں۔

کوئٹہ، جے یو آئی کوئٹہ کا اجلاس اور 19 اکتوبر کو جناح روڈ سے امن ریلی نکالنے کا اعلان

ملک وقوم کو درپیش مسائل سے نجات کے لیے علماحق کی قیادت وقت کی اہم ضرورت ہے، ضلعی قیادت

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرست اعلی مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے کہا ہے کہ ملک وقوم کو درپیش مسائل و مشکلات سے نجات اور صحیح سمت کے تعین کے لیے علما حق کی قیادت و رہنمائی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ملک کے اسلامی تشخص کے تحفظ دینی اقدار کی پاسداری اور باطل قوتوں کے مذموم عزائم کی مزاحمت میں ہمیشہ علما کرام نے قائدانہ اور تاریخی کردار ادا کیا ہے آج بھی قوم کی نظریں علما حق کی جانب مرکوز ہیں۔ عوام علما کرام کا دست وبازو بنیں اور دینی وملی مقاصد کے حصول کے لیے ان کا بھرپور ساتھ دیں۔ دریں اثنا ضلعی ترجمان کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ

(بقیہ 45 ندرونی صفحہ 3 پر)

پنجگور، انجمن تاجران کا مچھلی اور سبزی مارکیٹوں میں عارضی شیڈز کی جگہ مستقل فائبر شیڈز تعمیر کرنے کا مطالبہ

ماضی کے ناخوشگوار حادثات اور آگ لگنے کے خطرات کے پیش نظر فوری حفاظتی اقدامات کیے جائیں، صدر فرید احمد

پنجگور (یو این اے) انجمن تاجران پنجگور نے بور یوں اور کھجور کے پتوں کے شیڈز کی جگہ مستقل فائبر شیڈز تعمیر کیے جائیں انجمن تاجران پنجگور کے صدر فرید احمد اور تاجر برادری نے کہا ہے کہ مچھلی مارکیٹ، گوشت مارکیٹ، پرچون اور چپس مارکیٹ سمیت دیگر تجارتی علاقوں میں بوریوں اور کھجور کے پتوں سے بنے عارضی شیڈز کی جگہ مضبوط اور مستقل فائبر شیڈز تعمیر کیے جائیں۔ ان بازاروں میں ماضی میں آگ کے واقعات پیش آ چکے ہیں، جن میں اللہ تعالی نے تاجر برادری کو بڑے نقصان سے محفوظ رکھا۔ لہذا کسی بڑے حادثے کا انتظار کرنے کے بجائے حفاظتی اقدامات کو ترجیح دیتے ہوئے فوری طور پر مستقل فائبر شیڈز کی تعمیر ضروری ہے۔ مضبوط بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

اوستہ محمد، پینے کے صاف پانی کی شدید قلت اور مساجد میں پانی نایاب ہونے پر شہریوں کا شدید احتجاج

قیامت خیز گرمی میں شہری دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور، ضلعی انتظامیہ اور محکمہ پبلک ہیلتھ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

اوستہ محمد (یو این اے) اوستہ محمد شہر میں پینے کے صاف پانی کی شدید قلت کے باعث شہریوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ مساجد اور مدارس میں وضو کے لیے بھی پانی نایاب ہو گیا ہے۔ شدید گرمی میں شہری پانی کے حصول کے لیے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں۔ شہریوں کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں میں پانی کی فراہمی کا نظام شدید متاثر ہے، جس کے باعث گھریلو ضروریات پوری کرنا بھی دشوار ہو گیا ہے۔ پانی کی قلت کے باعث مساجد اور مدارس میں آنے والے نمازیوں اور طلبہ کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ متعلقہ محکمہ شہر میں پانی کی فراہمی یقینی بنانے میں ناکام دکھائی دے رہا ہے۔

اسماجنک کیس کا اصل قاتل تاحال گرفتار نہیں ہوا، علی مدد جتک

قاتلوں اور ظالموں کے سرپرستوں کے خلاف آواز بلند کرتے رہیں گے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر میر علی مدد جتک نے بلوچستان اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسماجنک کیس میں اصل قاتل کو تاحال گرفتار نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ قاتلوں اور ظالموں کی سرپرستی کرنے والوں کے خلاف آواز بلند کرتے رہیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ بااثر سرداروں اور نوابوں کے مبینہ اثر ورسوخ کے باعث نوجوانوں کے ساتھ ناانصافی کی جا رہی ہے، ایسے معاملات میں قانون کے مطابق کارروائی اور انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ صوبائی وزیر میر علی مدد جتک نے بلوچستان اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اسماجنک کیس میں اصل قاتل کو تاحال گرفتار نہیں کیا گیا جتک کیس میں اصل قاتل کو تاحال گرفتار نہیں کیا



کوئٹہ، چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹری کے صدر نوید یوسف ہوتھر کے طلباء وطالبات کے دورے کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا آل بلوچستان کیڈٹ کالجز کے 9 ویں بورڈ آف گورنرز اجلاس کے شرکاء کے ساتھ گروپ فوٹو

بلوچستان میں موسم سرما کے نئے دفتری اوقات کا اعلان، ہفتہ وار دو چھٹیاں

پیر سے جمعرات تک سرکاری دفاتر صبح ساڑھے 8 بجے سے شام 4 بجے تک کھلے رہیں گے

کوئٹہ (جی این ایم) حکومت بلوچستان نے موسم سرما کے دوران سرکاری دفاتر کے نئے اوقات کار کا اعلان کر دیا، جن کا اطلاق 15 اکتوبر 2026 سے 14 اپریل 2027 تک ہوگا۔ محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق پیر سے جمعرات تک سرکاری دفاتر صبح ساڑھے 8 بجے سے شام 4 بجے تک کھلے رہیں گے، جبکہ نماز اور دوپہر کے کھانے کے لئے 1:30 سے 2 بجے تک وقفہ ہوگا۔ اعلامیے کے مطابق جمعہ کے روز سرکاری دفاتر کے اوقات کار صبح 8:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک دفتری امور انجام دیے جائیں گے، جبکہ جمعہ کے روز اوقات کار صبح 8:30 اور دوپہر کے کھانے کے لیے 1:15 سے 2:15 بجے تک وقفہ رکھا گیا ہے۔ نئے شیڈول کے تحت ہفتہ اور اتوار کو سرکاری دفاتر بند رہیں گے، جس کے باعث ہفتہ وار دو تعطیلات ہوں گی۔ ذرائع کے مطابق موسم سرما کے نئے دفتری اوقات کا اطلاق اسپتالوں اور تعلیمی اداروں پر نہیں ہوگا۔ یونیورسٹیوں، کالجز اور اسکولوں کے اوقات کار اس شیڈول سے مستثنیٰ رہیں گے۔ محکمہ صحت اور محکمہ تعلیم کے منسلک دفاتر چھ روزہ بنیاد پر کام کریں گے۔ ان دفاتر میں پیر سے جمعرات اور ہفتہ کو صبح 8:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک دفتری امور انجام دیے جائیں گے، جبکہ جمعہ کے روز اوقات کار صبح 8:30

(بقیہ 30 ندرونی صفحہ 3 پر)

وزیراعظم نے کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا سنگ بنیاد رکھ دیا

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا سنگ بنیاد رکھ دیا، یہ منصوبہ 1 ارب 45 کروڑ روپے کی لاگت سے ایک ماہ میں مکمل ہوگا۔ منگل کو وزیراعظم محمد شہباز شریف نے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھا، ان کو کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے بارے بریفنگ دی گئی۔ منصوبے کے تحت یہاں تین رویہ انڈر پاس تعمیر ہوگا۔ اس منصوبے کی تکمیل سے فیض آباد، بہارہ کہو، مری، آزاد کشمیر کی ٹریفک بغیر کسی رکاوٹ کے رواں دواں رہے گی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 3 پر)

شمالی وزیرستان میں کامیاب آپریشن، وزیر ریلوے حنیف عباسی کا سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی بڑی اور کامیاب کارروائی پر فورسز کے افسران و جوانوں کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ وزارت ریلوے سے جاری بیان کے مطابق محمد حنیف عباسی نے کہا کہ شمالی وزیرستان میں بروقت کارروائی کرتے ہوئے متعدد

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 3 پر)

خضدار، فیروز آباد میں اناری ندی کے قریب سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد، ہسپتال منتقل

خضدار (یو این اے) فیروز آباد اناری ندی سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد۔ تفصیلات کے مطابق خضدار کے علاقے فیروز آباد کی اناری ندی سے ایک نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق لاش کو تحویل میں لے کر ہسپتال کے مردہ خانے منتقل کر دیا گیا ہے، جہاں پر لاش کو شناخت کے لیے رکھا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 3 پر)

آبنائے ہرمز کی غیر یقینی صورتحال، پاکستان کا قطر سے 3 ایل این جی کارگو لینے کا فیصلہ

اسلام آباد (اے این این) حکومت نے آبنائے ہرمز کے راستے توانائی کی فراہمی سے متعلق غیر یقینی صورتحال کے پیش نظر اکتوبر کے دوران قطر سے ایل این جی کے تین کارگو حاصل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق حکومت ایل این جی کے جہازوں کی محفوظ گزرگاہ کو یقینی بنانے کیلئے ایرانی حکام سے

(بقیہ 46 اندرونی صفحہ 3 پر)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف کو کشمیر چوک انڈر پاس کی سنگ بنیاد کی تقریب میں بریفنگ دی جا رہی ہے

ایران سے براہِ راست مذاکرات کیلئے تیار ہیں، صدر ٹرمپ

میرا ذاتی خیال ہے اماراتی طیارہ واقعے کا ذمہ دار ایران ہے، امریکی صدر کی گفتگو

واشنگٹن (اے این این) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ ایران سے براہِ راست مذاکرات کیلئے تیار ہیں۔ وائٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ ایران کے ساتھ براہِ راست مذاکرات کے لیے ہمیشہ تیار ہیں جبکہ ان کا خیال ہے کہ اماراتی طیارے کے واقعہ کا ایران ذمہ دار ہے۔ صدر ٹرمپ نے برطانیہ کے آر اے ایف فیئر فورڈ ائیر بیس سے امریکی بمبار طیاروں کی واپسی پر بھی بات کی۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک مخصوص خطرہ تھا جس کے باعث ہمیں بمبار طیارے واپس بلانا پڑے۔ ٹرمپ نے ایندھن کی قیمتوں میں اضافے کا ذمہ دار سیاسی مخالفین اور روس یوکرین جنگ کو قرار دے دیا۔ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پلیٹ

(بقیہ 41 ندرونی صفحہ 3 پر)

کوچیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان کا گوادر پورٹ اتھارٹی کا دورہ

گوادر پورٹ کی آپریشنل ترقی، تجارت اور اقتصادی سرگرمیوں میں اضافے کے امکانات پر تفصیلی بریفنگ

گوادر (خ ن) کوچیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) عبداللہ خان نے گوادر پورٹ اتھارٹی (جی پی اے) کا دورہ کیا۔ دورے کے موقع پر ڈائریکٹر منیر احمد بانا نے گوادر پورٹ کی فعال کاری، اس کی آپریشنل ترقی اور تجارت واقتصادی سرگرمیوں میں اضافے کے امکانات پر تفصیلی پریزنٹیشن دی۔ اس موقع پر بی آر اے اور جی پی اے کے درمیان باہمی رابطہ کاری اور ادارہ جاتی تعاون کے مختلف پہلوؤں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء نے تجارت میں سہولت، ادارہ جاتی رابطہ